© rasailojaraid.com

کی کثرت سے کمال انشا کی داد دی گئی ہے۔ دوسری قسم کے خطوط وہ ہیں جو نہایت سادہ بے تکلف اور مکالمہ کے انداز میں تحریر کئے گئے ہیں۔ ارباب ذوق کو اس کی قدر کرنی چاہیے۔

میلاد شہید منظوم:۔ مرتبہ مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات کتابت و طباعت متوسط قیمت ۴ر ملنے کا پتہ:۔ مصطفائی بک ڈپو ڈیوڑھی بیگم آگرہ

مولانا غلام امام شہید مرزا غالب کے ہم عصر اور اُردو فارسی کے پُرگو اور باکمال شاعر تھے اور ان خوبیوں پر مستزاد یہ کہ صاحب باطن بزرگ تھے۔ عشق و محبت رسول اللہ علیہ وسلم میں ان کی شیفتگی و فدائیت اس درجہ پر تھی کہ بجز نعت لکھنے اور پڑھنے کے کوئی شغل ہی نہیں تھا۔ اسی سبب سے "مداح نبیؐ" اور "عاشقِ رسولؐ" کے مُبارک القاب سے مشہور تھے۔ اسی عشق و محبت کے عالم میں اُنھوں نے ایک منظوم میلاد نامہ لکھا تھا جس میں متعدد نعتیہ قصیدے، غزلیں اور بحر طویل میں کئی نظمیں شامل ہیں۔ اب مفتی صاحب نے میلاد نامہ میں حضرت شہید کی دو نظمیں اور شامل کر کے اس کو افادہ عام کے خیال سے شائع کر دیا ہے اور شروع میں مولانا شہید کے ذاتی سوانح اور ان کے فضائل و کمالات پر ایک جامع مقدمہ لکھا ہے۔ میلاد نامہ کے ایک ایک شعر سے عشق رسول کا اظہار ہوتا ہے اور یوں بھی زبان فصاحت و بلاغت بیان، اور قدرت کلام کے اعتبار سے اس کو اُردو ادب کا نادرہ روزگار شاہکار کہہ سکتے ہیں۔ میلاد کی عام مجلسوں میں اگر اس میلاد نامہ کے پڑھنے کا دستور ہو جائے تو مسلمانوں کو بڑا فائدہ ہو۔

مشرقی کا مذہب:۔ از مولوی عبدالصمد صاحب رحمانی تقطیع خورد کتابت طباعت متوسط ضخامت ۱۶ صفحے قیمت ار پتہ:۔ برقی مشین پریس مراد پور پٹنہ۔

عنایت اللہ خاں مشرقی نے "مولوی کا غلط مذہب" کے نام سے کئی ٹریکٹ لکھے تھے۔ اب

© rasailojaraid.com